## سوال

(250)مرغ کے اذان دینے پر اسے ذبح کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر مرغی اذان دے تو اس کو ذبح کر دینا چاہیے۔ یہ رجحان عام ہے۔ کیا قرآن وسنت سے ثابت ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اذان دینے والی مرغی کو ذبح کردینے کا رجحان غلط اور جاہلانہ توہم پرستی پر مبنی ہے۔ ضرورت ہو تو اسے ذبح کرنا بلاتردد جائز ہے۔ ممانعت کی کوئی دلیل نہیں محض اذان کی وجہ سے اسے ذبح کردینا جاہلانہ فعل ہے۔ شریعت میں اس کا کوئی اصل نہیں پھر جانوروں کی مخصوص اوقات میں بولی پر اذان کا اطلاق عرف عام میں مجازی ہے حقیقتاً نہیں۔ جس طرح کے جمعرات کو عامة الناس شیاطین سے موسوم کرتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص560

محدث فتویٰ